Title - FATWA DAR TAKFEER MUNKAR UROOJ JISMI-O-NAZAWAL HAZRAT EISA ALAY SALAAM.

Creator - Qazi Ubaid Ullah.

Publisher - Matba Mohammadi (Madras).

Date - 1893.

Pages - 69.

Subjects - Islam - Fatawi; Islam - Masechiyat; Munazirah - Bainul Mazahib.

جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

# فتویٰ

## در تکفیر منکر عروج جسمی و نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام

از جناب مولانا مولوی قاضی عبید اللہ صاحب دام برکاتہم

باہتمام بندہ عاصی سید محمد محی الدین عفی اللہ ذنوبہ

در مطبع محمدی متعلقہ مدرسہ محمدی واقع مدراس رائی پیٹھ جلیۂ طبع پوشید

سنہ ۱۳۱۱ ہجری

طبع اول

CHECKED

M.A.LIBRARY, A.M.U.
U885
URDU STACK
CHECKED

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین

# سوال

کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ کوئی شخص یہہ اعتقاد کرتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام
کی وفات ہوکر زمین مین انکا دفن ہوچکا اور اس جسم سے انکا آسمان پر جانا ایک
لغو خیال ہے (ازالہ اوہام صفحہ ۴۳) اور کہتا ہی کہ ابتک زندہ رہنا انکا تسلیم کرلین
کچھ شک نہین کہ اتنی مدت کے گذرنے پر پیر فرتوت ہوگئے ہونگے اور اس
ہرگز لایق نہین ہونگے کہ کوئی خدمت دینی ادا کرسکین (ازالہ اوہام ص۵) ا
مین آسمان سے انکے نزول کرنیکا انکار کرتا ہی اور احادیث صحیحہ مین مسیح
نزول جو وارد ہوا ہے اسکے لئے دعوی کرتا ہی کہ وہ مسیح موعود مین ہی
ص۳۹) اور کہتا ہے کہ جنہون نے اس عاجز کا مسیح موعود ہونا مان لیا
کی حالت سے محفوظ اور معصوم ہین اور کئی طرح کے ثواب اور اجر اور قا
وہ مستحق ٹھہر گئے ہین (ازالہ اوہام ص۱۷۹) اور نبوت و وحی کا دعویٰ کہ جن
لکھا ہی کہ مسیح موعود جو آنیوالا ہی اسکی علامت یہ لکھی ہے کہ وہ نبی اللہ ہوگا یعنی خدا تعالیٰ

وحی پانیوالا لیکن اس جگہ نبوت تامہ کاملہ مراد نہین کیونکہ نبوت تامہ کاملہ پر مہر لگ چکی ہے
بلکہ وہ نبوت مراد ہی جو محدثیت کے مفہوم تک محدود ہی جو مشکوٰۃ نبوت محمدیہ سے نور
حاصل کرتی ہی سو یہ نعمت خاص طور پر اس عاجز کو دی گئی ہی (ازالۂ اوہام صفحہ ۵۷۷) اور
لکھا ہے مطلق نبوت ختم نہین ہوئی نہ من کل الوجوہ باب نبوت مسدود ہوا ہی اور نہ ہر ایک
طور سے وحی پر مہر لگائی گئی ہی بلکہ جزئی طور وحی اور نبوت کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہیگا
(رسالہ توضیح مرام صفحہ ۱۸-۱۹) اور لکھا ہی خاکسار محدث ہی اور لکھا ہی المحدث نبی
یعنے محدث نبی ہوتا ہی (توضیح مرام صفحہ ۱۸-۱۹) اور کہتا ہی کہ مین نبی بھی ہون امتی بھی
(ازالۂ اوہام صفحہ ۵۳۳) اور آیت ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد ہین
اپنے طرف ہی اشارہ ہونیکا دعوی کرتا ہی (ازالۂ اوہام صفحہ ۶۷۳) اور آیت ھو الذی
ارسل رسوله بالهدی و دین الحق لیظهره علی الدین کله درحقیقت اپنے ہی زمانہ سے
متعلق ہونیکا دعوی کرتا ہے (ازالۂ اوہام صفحہ ۶۷۵) اور کہتا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا
سیر معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہین تھا بلکہ وہ نہایت اعلی درجہ کا کشف تھا بعد کہتا ہی
کہ اس قسم کے کشفون مین مولف خود صاحب تجربہ ہی (ازالۂ اوہام صفحہ ۴۷-۴۸) اور کہتا ہی کہ
اسلام کو غلطیون اور الحاقات بیجا سے منزہ کر کے وہ تعلیم جو روح و راستی سے بھری ہوئی
ہی خلق اللہ کے سامنے رکھنا خدا تعالی نے اپنے سپرد کیا ہی (ازالۂ اوہام صفحہ ۵۹) اور
لکھا ہی کہ خدا تعالی نے اس عاجز کو آدم صفی اللہ کا مثیل قرار دیا اور پھر مثیل نوح قرار دیا
اور پھر مثیل یوسف علیہ السلام قرار دیا اور پھر مثیل حضرت داود بیان فرمایا اور پھر مثیل موسی
کر کے بھی اس عاجز کو پکارا پھر اللہ تعالی نے اس عاجز کو مثیل ابراہیم بھی کہا اور پھر آخر مثیل
ٹھہرانے کی یہانتک نوبت پہنچی کہ بار بار یا احمد کے خطاب سے مخاطب کر کے ظلی طور پر مثیل
سید الانبیا و امام الاصفیا حضرت مقدس محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم قرار دیا (ازالۂ اوہام
اور کہتا ہی کہ حضرت مسیح علیہ السلام اور آپ (یعنے شخص مذکور) کے دل مین جو قدمی محبت

اُسنے خدا کی محبت کو اپنے طرف کھینچ لیا ہی ان دونون محبتون کے ملنے سے تیسری چیز پیدا ہوئی جسکا نام روح القدس ہے اور اسکو بطور استعارہ کے ان دونون محبتون کا بیٹا کہنا چاہیئے اور یہہ پاک تثلیث ہی (توضیح مرام صفحہ ۲۲) اور کہتا ہی کہ مسیح اور اسکے جیسا کا مقام ایسا ہی کہ اسکو استعارہ کے طور پر ابنیت کے لفظ سے تعبیر کر سکتے ہین یعنے ابن اللہ کہہ سکتے ہین (توضیح مرام صفحہ ۲) اور قرآن شریف کے آیتون کی تفسیر صحابہ و تابعین و جمہور مفسرین کے برخلاف اپنی راے سے کرتا ہی اور صحابہ اور تابعین سے اسکی جو تفسیر وارد ہوئی ہی اسکو کہتا ہی یہہ سراسر غلط تفسیر ہے (ازالۂ اوہام صفحہ ۱۲۹) اور کہتا ہی کہ جبرئیل امین جو انبیا کو دکھائی دیتا ہی وہ بذات خود زمین پر نہین اترتا اور اپنے ہیڈ کوٹر (یعنے صدر مقام) نہایت روشن نیر سے جدا نہین ہوتا ہی بلکہ صرف اوسکی تاثیر نازل ہوتی ہی اور اسکی عکس سے تصویر انکے دل مین (یعنے انبیا کے دلمین) منقوش ہو جاتی ہی (توضیح مرام صفحہ ۶۸ - ۰۰ - ۸۵ - وغیرہ) اور کہتا ہی لیلۃ القدر سے رات مراد نہین بلکہ وہ زمانہ مراد ہی جو بوجہ ظلمت رات کا ہمرنگ ہی اور وہ نبی یا اسکے قایم مقام مجدد کے گذر جانے سے ایک ہزار مہینے کے بعد آتا ہی (فتح اسلام صفحہ ۵۴) اور کہتا ہے کہ آخری زمانہ مین دجال کا آنا سراسر غلط ہی (ازالۂ اوہام صفحہ ۲۳۵) اور انبیا کے معجزون کا انکار کرتا ہی انکو مسمریزمی طریق سے بطور لہو ولعب نہ بطور حقیقت ظہور مین آنیکا دعوی کرتا ہی (ازالۂ اوہام صفحہ ۳۰۵) عیسی علیہ السلام کے معجزات جو قرآن شریف مین واقع ہین یعنے مٹی سے پرندہ بناکے اسمین دم پھونکنا اور اندہے اور کوڑہی چنگا کرنا اور مردہ زندہ ان سب کا انکار کرتا ہی اور وے مسمریزم کے طریق پر ہونیکا قائل ہی (ازالۂ اوہام صفحہ ۳۰۵) اور لکھتا ہی اگر یہہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خدا تعالی کے فضل و توفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیون مین حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا (ازالۂ اوہام صفحہ ۳۰۹) اور کہتا ہی کہ یہہ اعتقاد بالکل غلط اور فاسد اور مشرکانہ خیال ہی

کہ مسیح مٹی کے پرندے بنا کر اور انہیں پھونک مار کر انہیں سچ مچ کے جانور بنا دیتا تھا
(ازالۂ اوہام صـ۳۲۲) اور عیسی علیہ السلام کا باپ یوسف نجار ہونے کا قائل ہے
(ازالۂ اوہام صـ۳۰۳) اور عیسی علیہ السلام خنزیر کو قتل کرنا جو احادیث صحیحہ
مین وارد ہوا ہے اسکے حقیقی معنے خنزیر کا شکار کھیلتے پھرینگے کر کر زعم کرکے
اس پر تمسخر و استہزا کرتا ہے (ازالہ اوہام صـ۱۴۱) اور ازواج مطہرات مین
کونسی بی بی کا پہلے انتقال ہوگا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشگوئی فرمائی تھی
اسکے بارہ مین کہتا ہے کہ اس پیشگوئی کی اصل حقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو
بھی معلوم نہین تھی (ازالہ اوہام صـ۲۳۶) اور کہتا ہے کہ جسقدر حضرت مسیح کی پیشگوئیان
غلط نکلین اس قدر صحیح نکل نہین سکین اور کہتا ہے کہ امور اخباریہ کشفیہ مین اجتہادی
غلطی انبیا سے بھی ہوجاتی ہے (ازالہ اوہام صـ۸) اور کہتا ہے جبکہ
پیشگوئیون کے سمجھنے کے بارے مین خود انبیا سے امکان غلطی ہے تو پھر امت کا
کورانہ اتفاق یا اجماع کیا چیز ہے (ازالہ اوہام صـ۱۴۱) اور شیطانی دخل انبیا
اور رسولون کی وحی مین بھی ہوجانے کا دعوی کرکے اسکی سند مین موجودہ توریت
جھوٹا یہہ قصہ لکھا ہے کہ ایک بادشاہ کے وقت مین چارسو نبی نے اسکی فتح کے
بارہ مین پیشگوئی کی اور وہ جھوٹے نکلے اور اسکی توجیہ اپنے طرف سے یہہ
بیان کرتا ہے کہ در اصل وہ الہام ایک ناپاک روح کی طرف سے تھا نوری
فرشتہ کے طرف سے نہین تھا اور ان نبیون نے دہوکا کھا کر ربانی سمجھ لیا تھا
(ازالہ اوہام صـ۶۲۹) اور کہتا ہے کہ یہہ بھی مدت سے الہام ہوچکا ہے کہ
انا انزلناہ قریبا من القادیان و بالحق انزلناہ و بالحق نزل وکان
وعد اللہ مفعولا اسکے بعد لکھا ہے کہ پھر اسکے بعد الہام کیا گیا کہ ان
علماء نے میرے گھر کو بدل ڈالا۔ اسکے بعد لکھتا ہے کہ کشتی طور پر

مین نے دیکھا کہ میرے بھائی صاحب مرحوم میرے قریب بیٹھکر باآواز بلند
قرآن شریف پڑھ رہے ہین اور پڑھتے پڑھتے انہون نے ان فقرات کو
پڑھا کہ انا انزلناہ قریبا من القادیان تو مین نے سنکر بہت تعجب کیا کہ کیا قادیان
کا نام بھی قرآن شریف مین لکھا ہوا ہے۔ تب انھون نے کہا یہہ دیکھو لکھا ہوا ہے
تب مین نے نظر ڈالکر جو دیکھا تو معلوم ہوا کہ فی الحقیقت قرآن شریف کے دائین
صفحہ مین شاید قریب نصف کے موقع پر یہی الہامی عبارت لکھی ہوئی موجود ہے
تب مین نے اپنے دل مین کہا کہ ہان واقعی طور پر قادیان کا نام قرآن شریف مین درج
ہے (ازالۂ اوہام صفحہ) الغرض اسکے ایسے اقوال بہت ہین بخوف تطویل نہین
لکھے گئے پس ایسے شخص کا اور اسکے تابعدارون کا اور اسکے اقوال کو تصدیق
کرنے والونکا کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا۔ السائل سید محمد محی الدین حاجی

## الجواب حامداً للہ وحدہ

ومصلیا ومسلما علی رسولہ سیدنا محمد الذی لا نبی بعدہ

ایسا اعتقادی شخص بشرط ثبوت عقل وعدم جنون بیشک کافر ومرتد وزندیق ہے اور
جسنے اسکی تابعداری یا تصدیق کی وہ بھی مرتد ہے کیونکہ عیسی علیہ السلام کا اپنے جسم سے
آسمان پر جانا اور وہان زندہ رہنا پھر اخیر زمانہ مین اترنا اور امام مہدی کے ساتھ ملنا
اور دجال نکلکر جو الوہیت کا دعوی کریگا اسکو قتل کرنا ان احادیث سے ہین جن پر ایمان لانا واجب
اور اسمین شک کرنا کفر وارتداد ہے اور یہی عقیدہ اہل سنت ہے اسمین کسی ایک اہل سنت کو
خلاف نہین پھر عیسی علیہ السلام مرگئے اور انکا جسم زمین ہی مین رکھا گیا اور فقط انکی روح
آسمان پر گئی کہکے منکر ہونا نصاری کا عقیدہ ہے اللہ تعالی قرآن شریف مین جو فرمایا
بل رفعہ اللہ الیہ اور فرمایا ورافعک الی سو وہ نص قطعی ہے کہ عیسی علیہ السلام اپنے جسم کے ساتھ

آسمان پر جانے مین اور جو فرمایا وان من اهل الکتاب الا لیومنن به قبل موته
اور فرمایا وانه لعلم للساعة اسمین دلیل ظاہر ہی انکے نزول پر - اور اس مضمون کے
بہت سی احادیث صحیحہ بھی آئی ہین جو حد تواتر کو پہونچی ہین - ہم بخوف تطویل چند احادیث
لکھتے ہین - اللہ تعالی کی طرف سے جسکے نصیب مین ہدایت ہی اسکو کافی ہین -
امام المحدثین محمد بن اسمعیل البخاری نے اپنی صحیح کے باب نزول عیسی بن مریم صلی اللہ علیہ وسلم
مین ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب ویقتل
الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال حتی لا یقبله احد حتی تکون السجدة الواحدة خیرا
من الدنیا وما فیها ثم یقول ابو هریرة واقرؤا ان شئتم وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به
قبل موته ویوم القیامة یکون علیهم شهیدا یعنی قسم ہی اُسکی جسکے دست قدرت مین میری جان
ہی البتہ عنقریب مریم کا بیٹا حاکم عادل ہوکے تم مین اُتریگا سو صلیب کو توڑیگا اور خنزیر کو قتل کریگا
اور جزیہ اُٹھاویگا اور مال بہت ہوگا کہ کوئی اسکو قبول نہین کریگا یہان تک کہ ایک سجدہ کرنا
دنیا اور جو کچھ اسمین ہے ملنے سے بہتر ہوگا بعد ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا اگر تم چاہو تو اس
آیت کو پڑہو وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته ویوم القیمة یکون علیهم شهیدا اس حدیث کو
مسلم نے بھی اپنی صحیح مین روایت کی ہی اور امام بغوی نے بھی شرح السنہ مین اس حدیث کو
روایت کرکے کہا هذا حدیث متفق علی صحته - حاصل اس حدیث کا یہہ ہی کہ آیت مذکورہ مین
قبل موته کے ضمیر کا مرجع عیسی ہی یعنے اہل کتاب کا کوئی شخص نہین مگر ایمان عیسی پر لائیگا عیسی کے مرنیکے آگے
یعنے عیسی علیہ السلام اخیر زمانے مین جب آسمان پر سے اترینگے تو اہل کتاب سے کوئی شخص باقی رہیگا
مگر عیسی پر ایمان لائیگا اور وان من اہل الکتاب کا لفظ اگرچہ عموم پر دلالت کرتا ہی لیکن اس عموم سے وہی
اہل کتاب مراد ہین جو عیسی علیہ السلام کو دیکھینگے اور انکے زمانے کو پاوینگے - اس آیت مین دوسری
توجیہ بھی آئی ہے لیکن مفسرون کی ایک جماعت نے اسی کو جو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہی اختیار کیا

اور یہی قول قتادہ کا اختیار کیا ہے۔ اور امام ابوجعفر طبری نے اسی قول کو ترجیح دی اور حسن بصری اور عطا وغیرہ کا بھی ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی ایک روایت ہے جو اسی کو تائید کرتی ہے چنانچہ عنقریب مذکور ہوگی۔

اور بخاری اور مسلم ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کئے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم یعنی تم کیسے ہوگے جبکہ مریم کا بیٹا تم میں اتریگا اور تمھارا امام تمھارے ہی میں کا ہی ہوگا۔ اس حدیث کو امام احمد اور بیہقی کتاب الاسماء والصفات میں روایت کئے ہیں اور امام بغوی نے بھی شرح السنہ میں روایت کی ہے اور کہا ھذا حدیث متفق علی صحتہ علما کہتے ہیں کہ اس حدیث میں جو آیا ہے واماکم منکم یعنے تمہارا امام تمہارے ہی میں کا ہی ہوگا سو اس سے مراد امام مہدی ہیں کہ عیسی علیہ السلام آسمان سے اترے بعد صبح کی نماز کو انکے پیچھے اقتدا کرینگے چنانچہ ان مضمون کی احادیث بھی آئی ہیں اور عیسی علیہ السلام نبی ہوکے امام مہدی کی اقتدا کرنا بعید نہیں کیونکہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی عبدالرحمن بن عوف کی اور ابوبکر صدیق کے پیچھے اقتدا فرمایا ہے بعضے کہتے ہیں کہ اماکم منکم سے یہاں عیسی علیہ السلام مراد ہیں یعنی انھوں حاکم ہوکر اترینگے سو قرآن اور سنت مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم پر حکم کرینگے

اور مسلم نے جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لاتزال طایفۃ من امتی یقاتلون علی الحق ظاہرین الی یوم القیامۃ قال فینزل عیسی بن مریم فیقول امیرھم تعال صل بنا فیقول لا ان بعضکم علی بعض امراء تکرمۃ اللہ ھذہ الامۃ یعنی قیامت تک میری امت سے ایک جماعت ہمیشہ حق پر لڑائی کرتی غالب رہیگی پھر عیسی بن مریم اترینگے سو مومنوں کا امیر کہیگا آپ آئیے اور ہمارے ساتھ نماز پڑھئے عیسی علیہ السلام کہینگے ایسا نہیں تمہارے ہی میں کا بعض تمہارے بعض پر امیر ہے اللہ تعالی کی طرف سے اس امت کے لئے یہہ کرامت ہے۔

اور مسلم نے نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے قال ذکر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم الدجال ذات غداۃ فخفض فیہ ورفع حتی ظنناہ فی طائفۃ النخل
فلما رحنا الیہ عرف ذلک فینا فقال ما شانکم قلنا یا رسول اللہ ذکرت الدجال غداۃً
فخفضت فیہ ورفعت حتی ظنناہ فی طائفۃ النخل فقال غیر الدجال اخوفنی علیکم
اِن یخرج وانا فیکم فانا حجیجہ دونکم وان یخرج ولست فیکم فامرؤ حجیج نفسہ
واللہ خلیفتی علیکم وعلی کل مسلم انہ شاب قطط عینہ طافیۃ کانی اشبہہ بعبد العزی
بن قطن فمن ادرکہ منکم فلیقرأ علیہ فواتح سورۃ الکہف انہ خارج خلۃً بین الشام و
العراق فعاث یمینا وعاث شمالا یا عباد اللہ فاثبتوا قلنا یا رسول اللہ وما لبثہ
فی الارض قال اربعون یوما یوم کسنۃٍ ویوم کشہر ویوم کجمعۃ وسائر ایامہ کایامکم
قلنا یا رسول اللہ فذلک الیوم الذی کسنۃ اتکفینا فیہ صلوۃ یوم قال لا اقدروا لہ
قدرہ قلنا یا رسول اللہ وما اسراعہ فی الارض قال کالغیث استدبرتہ الریح فیاتی
علی القوم فیدعوھم فیؤمنون بہ ویستجیبون لہ فیامر السماء فتمطر والارض فتنبت
فتروح علیہم سارحتہم اطول ما کانت ذری واسبغہ ضروعا وامدہ خواصر
ثم یاتی القوم فیدعوھم فیردون علیہ قولہ فینصرف عنہم فیصبحون ممحلین لیس
بایدیہم شیء من اموالہم ویمر بالخربۃ فیقول لہا اخرجی کنوزک فتتبعہ کنوزھا کیعاسیب
النحل ثم یدعو رجلا ممتلئا شبابا فیضربہ بالسیف فیقطعہ جزلتین رمیۃ الغرض
ثم یدعوہ فیقبل ویتہلل وجہہ ویضحک فبینما ھو کذلک اذ بعث اللہ المسیح ابن مریم
فینزل عند المنارۃ البیضاء شرقی دمشق بین مہرودتین واضعا کفیہ علی اجنحۃ ملکین
اذا طأطأ راسہ قطر واذا رفعہ تحدر منہ مثل جمان کاللؤلؤ فلا یحل لکافر یجد ریح
نفسہ الا مات ونفسہ ینتہی حیث ینتہی طرفہ فیطلبہ حتی یدرکہ بباب لد فیقتلہ
ثم یاتی عیسی صلی اللہ علیہ وسلم قوم قد عصمہم اللہ منہ فیمسح عن وجوہہم ویحدثہم.

بدرجاتهم فى الجنة فبينما هو كذلك اذ اوحى الله الى عيسى عليه الصلوة والسلام انى قد اخرجت عبادًا لى لا يدان لاحد بقتالهم فحرز عبادى الى الطور ويبعث الله ياجوج وماجوج وهم من كل حدب ينسلون فيمر اوائلهم على بحيرة طبرية فيشربون ما فيها ويمر اٰخرهم فيقولون لقد كان بهذه مرة ماء ويحصر نبى الله عيسى عليه الصلوة والسلام واصحابه حتى يكون راس الثور لاحدهم خيرا من مائة دينار لاحدكم اليوم فيرغب نبى الله عيسى عليه الصلوة والسلام واصحابه فيرسل الله عليهم النغف فى رقابهم فيصبحون فرسى كموت نفس واحدة ثم يهبط نبى الله عيسى واصحابه الى الارض فلا يجدون فى الارض موضع شبر الا ملأه زهمهم ونتنهم فيرغب نبى الله عيسى واصحابه الى الله فيرسل الله طيرا كاعناق البخت فتحملهم فتطرحهم حيث شاء الله ثم يرسل الله مطرا لا يكن منه بيت مدر ولا وبر فيغسل الارض حتى يتركها كالزلفة ثم يقال للارض انبتى ثمرتك وردى بركتك فيومئذ تاكل العصابة من الرمانة ويستظلون بقحفها ويبارك فى الرسل حتى ان اللقحة من الابل لتكفى الفئام من الناس واللقحة من البقر لتكفى القبيلة من الناس واللقحة من الغنم لتكفى الفخذ من الناس فبينما هم كذلك اذ بعث الله ريحا طيبا فتاخذهم تحت اٰباطهم فتقبض روح كل مؤمن وكل مسلم ويبقى شرار الناس يتهارجون فيها تهارج الحمر فعليهم تقوم الساعة۔

یعنے ایک دن صبح کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا حال ذکر کیا پھر اس مین اتارا اور چڑھایا یہان تک ہم گمان کرنے لگے کہ وہ خرمے کے درختون کے کسی بن مین ہے پھر ہم جب دوپہر کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے تو ہمارے مین اسکو پایا یعنے اسکا احوال سننے سے ہم پر جو خوف و دہشت ہوئی تھی اسکو سمجھ کے فرمایا تمھارا کیا حال ہے ہم کہے یا رسول اللہ آپنے صبح کو دجال کا ذکر فرمایا سو اسمین اتارا اور چڑھایا یہان تک کہ وہ ہم گمان کرنے لگے کہ وہ کسی بن مین ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمھارے اوپر دجال کے سوا اور چیز کا خوف مجھکو زیادہ ہے اگر دجال نکلے اور مین تمھارے بیچ ہون تو اسکا حجت

تم ہنین یعنے دلیل کہنے والا اور اسکو جہٹلانے والا مین ہون تم اسکو جہٹلانے کی احتیاج نہین اگر وہ نکلے اور مین تمہارے بیچ نہ رہون تو ہر شخص اپنے نفس کا آپ حجیج ہے تم پر اور ہر مسلمان پر اللہ تعالی میرا خلیفہ ہے یعنے تمہارا نگہبان اللہ ہے مقرر دجال جوان ہے اسکے بال بہت اکڑے ہوئے ہین اسکی آنکہہ طافیہ ہے یعنے نکل آئی ہے اسکو مین عبد العزیٰ بن قطن سے تشبیہ دیتا ہون یعنے دجال عبد العزی سے مشابہ ہے تمہارے بیچ جو کوئی اسکو پائیگا تو سورہ کہف کے شروع کی آیتین پڑہے وہ شام وعراق کے درمیان مین کی راہ سے نکلیگا سو داہنے طرف اور بائین طرف فساد کریگا اے اللہ کے بندے تم ثابت رہو ہم کہے یارسول اللہ وہ دجال زمین بیچ کتنے دن رہیگا حضرت نے فرمایا چالیس دن اسکا ایکدن ایک برس کے مانند ہے اور ایکدن ایک مہینے کے مانند اور ایکدن ایک جمعہ کے مانند یعنے ایک ہفتے کے ہے اور باقی کے دن تمہارے دنون کے مانند ہین ہم کہے یارسول اللہ وہ دن جو ایک برس کے اتنا ہوگا ہمین ایک دن کی نماز پڑہنا ہمکو کفایت کریگا یا نہ - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کفایت نہ کریگا اندازہ کرو نماز کیواسطے ایکدن کا اندازہ - ہم کہے یارسول اللہ اسکی جلدی زمین بیچ کیسی ہے حضرت نے فرمایا غیث کے مانند ہے یعنے مینہہ کے مانند یا ابر کے مانند ہے کہ جسکے پیچہے ہوا ہے سو ایک قوم پاس آئیگا اور انکو اپنی طرف دعوت کریگا پہر وے اسپر ایمان لائینگے اور اسکی دعوت قبول کرینگے تو آسمان کو حکم کریگا سو مینہہ برسیگا اور زمین کو حکم کرے گا سو اگیگی پہر ان قوم کے جانور جو صبحکو چرنے گئے تہے سو شام کو آئینگے سو انکے کوہان بہت بلند رہینگے یعنے انکے مواشی نہایت فربہ رہینگے اور انکے کاس بہت بہرے ہوئے رہینگے انکے پہٹے بہت ہی دراز رہینگے پہر دجال دوسری قوم کے پاس آکے انکو دعوت کریگا وے اسکی دعوت کو رد کرینگے تو انکے پاس سے چلا جائیگا صبح کو دیکہو تو یہ لوگ قحط زدہ ہونگے انکے ہاتہہ مین انکا کچہہ مال باقی نہ رہیگا دجال ویرانے پر گزریگا اور اسکو کہیگا تیرے خزانہ کو نکال تو اسی ویرانے کے خزانے اسکے پیچہے چلینگے جیسے شہد کی کہیون کی ٹکڑی ہے

بعد دجال ایک شخص کو جو بھری جوانی مین ہو بلائیگا اور اسکو تلوار سے مارکے دو ٹکڑے کرکے
تیر کے نشانے کے مقدار فاصلے سے ڈالیگا پھر اس جوان کو پکاریگا تو زندہ ہو کے آئیگا
اسکا منہہ چمکتا ہوا اور وہ ہنستا ہوا دجال اسی ہی مین تھا کہ یکایک اللہ تعالی مسیح ابن مریم
کو بھیجیگا سو سفید منارے پاس جو دمشق کے شرقی جانب مین ہے اترینگے دو مہرودے
پہنے ہوے اور اپنے ہاتون کے نیچے دو فرشتون کے بازوون پر دھرے ہوے اپنے
سر کو جھکاوے تو سر سے پسینا ٹپکیگا اور جب سر کو اٹھاوے تو عرق کے قطرے موتی کے
دانون کے مانند سر پر سے اترینگے پس ممکن نہین کسی کافر کو کہ انکی سانس کی بھاپ لگے مگر
یہہ کہ مرجائیگا انکی نگاہ جہانتک جاتی ہے انکا دم اتنی دور جائیگا پھر عیسی علیہ السلام دجال کو
طلب کرینگے یہان تک لد کے دروازہ پاس اسکو پاکے اسکو قتل کرینگے بعد عیسی علیہ السلام
کے پاس ایک قوم آئیگی کہ جنکو اللہ تعالی نے دجال سے نگاہ رکھا تھا سو انکے منہہ پونچھینگے اور
انکو انکے مرتبون سے جو بہشت مین ہین خبر دینگے ایسے مین اللہ تعالی عیسی کی طرف وحی بھیجیگا
کہ مقرر مین اپنے کئی بندون کو نکالا ہون کہ کسی کو ان سے جنگ کرنیکی طاقت نہین میرے
بندون کو یعنے مومنون کو محافظت کرنے کے لیئے کوہ طور پر چڑہا پھر اللہ تعالی یاجوج ماجوج کو
نکالیگا پھر وے ہر بلند و سخت زمین سے شتاب آوینگے اور انہین میں روان طبریہ کے
بحیرے پر یعنے تالاب پر گذرینگے سو اسکا پانی سب پیوینگے انہین کے پیچھے آنیوالے
اس پر جب گذرینگے کہینگے اس بحیرے مین کسی وقت پانی تھا۔ نبی اللہ عیسی علیہ السلام او
انکو اصحاب محصور رہینگے یہان تک کہ آج تم مین سے کسی ایک کے پاس سو دینار ہونیسے
انہین سے کسی ایک کے پاس بیل کا سر ہونا بہتر ہوگا پھر عیسی علیہ السلام اور انکو اصحاب
اللہ کے پاس یاجوج ماجوج ہلاک ہونیکے لیئے دعا کرینگے تب اللہ تعالی انکی گردنون میں
نغف یعنے کیڑون کو بھیجیگا سو سب یکبارگی مرجاوینگے بعد نبی اللہ عیسی اور انکو اصحاب زمین
پر اترینگے ... بالشت بھر کوئی جگہہ نہ پاوینگے مگر انکی چربی اور بدبو سے بھری جاویگی

پھر نبی اللہ عیسی اور انکے اصحاب اللہ کے پاس التجا کرینگے تب اللہ تعالی بختی اونٹون کی گردنون کی مانند پرندون کو بھیجیگا سو انکے لاشون کو اٹھا کے اللہ تعالی جہان چاہیگا وہان پھینکینگے پھر اللہ تعالی مینہہ برسائیگا کہ جس مینہہ کو مٹی کے گھر اور بالون کے گھر مانع نہ ہونگے اور ساری زمین کو ایسا دہو ڈالیگا کہ آئینے کے مانند مصفا ہو گی پھر زمین کو کہا جائیگا تیرے پھلون کو اگا اور اپنی برکت کو پھیر دے تب ایک انار ایک عصابہ یعنے ایک جماعت کہائیگی اور اسکے چھلکون سے سایہ بناوینگے اور دودھ مین برکت ہوگی یہانتک کہ اونٹ کے ایک لقحی کا دودھ ایک جماعت کو کفایت کریگا اور گائی کے ایک لقحی کا دودھ ایک قبیلے کے لوگون کو کافی ہوگا اور بکری کے ایک لقحی کا دودھ لوگون کی ایک فخذ کو کفایت کریگا لوگ اس ہی حال مین رہینگے کہ اللہ تعالی ایک ہوا خوشبو بھیجیگا جب انکے بغلون کے نیچے لگیگی تو ہر مومن اور مسلم کی روح کو قبض کریگی اور بد لوگ باقی رہینگے گدہے جیسے مختلط ہوتے ہین ویسی اختلاط کرینگے انہین پر قیامت قایم ہوگی - اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ بھی روایت کرتے ہین -

**اور مسلم** نے اپنی صحیح مین حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے قال اطلع النبی صلی اللہ علیہ وسلم علینا ونحن نتذاکر فقال ما تذکرون قالوا نذکر الساعۃ قال انہا لن تقوم حتی تروا قبلہا عشر آیات فذکر الدخان والدجال والدابۃ وطلوع الشمس من مغربہا ونزول عیسی بن مریم ویاجوج وماجوج الحدیث یعنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم پاس تشریف لائے اور ہم کچھہ تذکرہ کر رہے تھے پھر آپ نے فرمایا تم کیا تذکرہ کرتے ہو صحابہ عرض کئے ہم قیامت کا ذکر کرتے تھے فرمایا قیامت نہو گی یہان تک کہ تم اسکے آگے دس نشانیان دیکھین پھر بیان فرمایا دخان اور دجال اور دابہ اور طلوع آفتاب کا اسکے مغرب سے اور نزول عیسی بن مریم کا اور یاجوج اور ماجوج الحدیث -

**ابن ماجہ** نے اپنی سنن مین ابی امامۃ الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے قال خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان اکثر خطبتہ حدیثا حدثناہ عن الدجال

وحذرناه فكان من قوله ان قال انه لم تكن فتنة فى الارض منذ ذرء الله ذرية آدم
صلى الله عليه وسلم اعظم من فتنة الدجال وان الله عز وجل لم يبعث نبيا الا حذر امته
الدجال وانا اخر الانبياء وانتم اخر الامم وهو خارج فيكم لا محالة وان يخرج وانا بين
ظهرانيكم فانا حجيج لكل مسلم وان يخرج من بعدى فكل امرء حجيج نفسه والله خليفتى
على كل مسلم وانه يخرج من خلة بين الشام والعراق فيعيث يمينا ويعيث شمالا عباد الله
ايها الناس فاثبتوا فانى ساصفه لكم صفة لم يصفها اياه نبى قبلى انه يبدأ فيقول انا نبى
ولا نبى بعدى ثم يثنى فيقول انا ربكم ولا ترون ربكم حتى تموتوا وانه اعور وان ربكم ليس باعور
وانه مكتوب بين عينيه كافر يقرؤه كل مؤمن كاتب وغير كاتب وان من فتنته ان معه
جنة ونارا فناره جنة وجنته نار فمن ابتلى بناره فليستغث بالله وليقرأ فواتح الكهف
فتكون عليه بردا وسلاما كما كانت النار على ابرهيم عليه السلام وان من فتنته ان يقول
لاعرابى ارايت ان بعثت لك اباك وامك اتشهد انى ربك فيقول نعم فيتمثل له شيطانان
فى صورة ابيه وامه فيقولان يا بنى اتبعه فانه ربك وان من فتنته ان يسلط على نفس واحدة
فيقتلها وينشرها بالمنشار حتى يلقى شقتين ثم يقول انظروا الى عبدى هذا فانى ابعثه
الآن ثم يزعم ان له ربا غيرى فيبعثه الله فيقول له الخبيث من ربك فيقول ربى الله
وانت عدو الله انت الدجال والله ما كنت بعد اشد بصيرة بك منى اليوم وان
من فتنته ان يامر السماء ان تمطر فتمطر ويامر الارض ان تنبت فتنبت وان من فتنته ان يمر بالحى
فيكذبونه فلا تبقى لهم سائمة الا هلكت وان من فتنته ان يمر بالحى فيصدقونه فيامر السماء ان تمطر
فتمطر ويامر الارض ان تنبت فتنبت حتى تروح مواشيهم من يومهم ذلك اسمن ما كانت
واعظمه وامده خواصر وادره ضروعا وانه لا يبقى شئ من الارض الا وطئه وظهر عليه الا مكة
والمدينة فانه لا ياتيهما من نقب من نقابهما الا لقيته الملائكة بالسيوف صلتة حتى ينزل
عند الظريب الاحمر عند منقطع السبخة فترجف المدينة باهلها ثلاث رجفات

فلا يبقى منافق ولا منافقة الا خرج اليه فتنفي الخبث منها كما ينفي الكير خبث الحديد
ويدعى ذلك اليوم يوم الخلاص فقالت ام شريك بنت ابي العكر يا رسول الله فاين العرب
يومئذ قال هم يومئذ قليل وجلهم ببيت المقدس امامهم رجل صالح فبينما امامهم قد تقدم
يصلي بهم الصبح اذ نزل عليهم عيسى بن مريم عليه السلام للصبح فرجع ذلك الامام ينكص
يمشي القهقرى ليتقدم عيسى عليه السلام يصلي بالناس فيضع عيسى يده بين كتفيه ثم يقول له
تقدم فصل فانها لك اقيمت فيصلي بهم امامهم فاذا انصرف قال عيسى عليه السلام افتحوا
الباب فيفتح ووراءه الدجال معه سبعون الف يهودي كلهم ذو سيف محلى وساج
فاذا نظر اليه الدجال ذاب كما يذوب الملح في الماء وينطلق هاربا فيقول عيسى عليه السلام
ان لي فيك ضربة لن تسبقني بها فيدركه عند باب اللد الشرقي فيقتله فيهزم الله اليهود
ولا يبقى شيء مما خلق الله عز وجل يتوارى به يهودي الا انطق الله ذلك الشيء لا حجر ولا شجر
ولا حائط ولا دابة الا الغرقدة فانها من شجرهم لا تنطق الا قال يا عبد الله المسلم
هذا يهودي فتعال اقتله الحديث یعنے ایکبار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا سو اُس میں
اکثر باتیں دجال کے فرمایا اور ہمکو اس سے ڈرایا ازجملہ سخنان یہہ فرمایا کہ اللہ تعالی آدم کی اولاد
کو جب سے پیدا کیا ہے تب سے دجال کے فتنہ سے کوئی فتنہ بڑا زمین پر نہیں ہوا اور اللہ تعالی کسی
نبی کو نہیں بھیجا مگر اس نبی نے دجال سے ڈرایا میں نبیوں کا آخر ہوں اور تم اخیر امت ہو دجال
ناگزیر تمہارے میں ہی نکلیگا پھر اگر وہ نکلے اور میں تمہارے میں موجود رہوں تو میں ہر مسلمان
کیطرف حجیج ہوں یعنی دلیل گو ہوں اگر میرے بعد نکلا تو ہر آدمی اپنی دلیل آپ ہی کہیگا اور اللہ تعالی
ہر مسلمان پر میرا خلیفہ ہوگا اور وہ دجال ایک خلہ سے یعنے راہ سے جو شام و عراق کے درمیان ہے
نکلیگا پھر داہنے اور بائیں طرف فساد کرتا پھریگا اے اللہ کے بندو تم ثابت قدم رہو دجال کی
صفت میں تمکو ایسی بیان کرتا ہوں کہ کسی نبی نے میرے آگے اسکو بیان نہیں کیا۔ پہلا یہ ہے کہ
دجال کہیگا میں نبی ہوں حالانکہ میرے پیچھے کوئی نبی نہیں [illegible]

تم اپنے پروردگار کو تم مرنے تک نہین دیکھینگے اور وہ دجال کانا ہی اور تمہارا پروردگار
کانا نہین اور اسکے دونون آنکہون کے درمیان کافر لکہا ہوا ہی جو مومن ہی اسکو پڑہیگا خواہ
لکہنا پڑہنا جانے یا نجانے - اسکے فتنون سے یہہ بہی ہی کہ اسکے ساتہہ بہشت اور دوزخ رہینگے
اسکی دوزخ بہشت ہی اور بہشت ہی سو دوزخ ہی اسکی دوزخ کی بلا مین کوئی تمہارے مین کا پڑا تو
اللہ تعالی سے مدد مانگے اور سورہ کہف کے شروع کی آیتین پڑہے تو وہ دوزخ اسپر ٹہنڈک
اور سلامتی ہو جائیگی جیسے ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام پر ہوئی تہی - اسکے فتنون سے یہہ بہی ہی
کہ اعرابی کو بولیگا تیرے ماں باپ کو اگر مین زندہ کرون تو آیا مین تیرا رب ہون کرکے اقرار
کریگا وہ بولیگا بہتر پہر دو شیطان اسکی ماں اور باپ کی صورتون سے آئینگے اور کہینگے
بیٹا تو اسکا تابعدار ہو کیونکہ وہ تیرا رب ہی - اسکے فتنون سے یہہ بہی ہی کہ ایک شخص پر مسلط
ہوکے اسکو آرے سے کاٹ کے دو ٹکڑے کریگا بعد لوگون کو کہیگا دیکہو میرے اس بندے کو
اب مین جلاتا ہون وہ زندہ ہوکے بولیگا میرا رب تو نہین دوسرا کوئی ہی پہر اسکو زندہ کرکے
وہ خبیث کہیگا تیرا رب کون ہی وہ شخص بولیگا میرا رب اللہ ہی اور تو اللہ کا دشمن دجال ہے
تیرے حال سے واللہ مجہکو آگے سے زیادہ اب یقین حاصل ہوا اسکے فتنون سے یہہ بہی
کہ آسمان کو حکم کیا تو مینہہ برسائیگا زمین کو حکم کیا تو اُگائیگی اسکے فتنون سے یہہ بہی ہی کہ کسی
قبیلے پر گذرا اور وے لوگ اسکی تکذیب کرینگے تو انکے چار پائے جتنے ہین اُتنے سب مرجائینگے اسکے
فتنون سے یہہ بہی ہی کہ کسی قبیلے پر گذرا اور وہ لوگ اسپر ایمان لائے تو مینہہ کو حکم کریگا کہ انپہ
برسے تو مینہہ برسیگا زمین کو حکم کریگا اُگا وے تو اُگائیگی پہر اسی دن انکے جانور نہایت
فربہ اور پیٹ بہرے اور کاس دودہ سے بہرے ہوئے ہوجائینگے اور تہوڑی سی زمین خالی نرہیگی
جو اسکے پامال نہو مگر مکے اور مدینے مین نہ آسکیگا انکے ساہون پر فرشتے تلوار لئے ہوئے تکتے رہینگے اسکو
دفع کرینگے پہر سرخ پہاڑ پاس جہان چوڑی زمین منقطع ہوتی ہی آکے اتریگا مدینے کو تین بار
زلزلہ ہوگا پہر کوئی منافق مرد یا عورت مدینے مین باقی نہ رہیگا مگر نکل کے دجال کے پاس چلا جائیگا

سلو مدینہ اپنی اندر کی نجاست کو نکالدیگا جیسا کہ بھٹی مس یا بھتا لوہے کے گوہ کو نکالتا ہے
اس دن کا نام یوم الخلاص ہے ام شریک بنت ابی العکر رضی اللہ عنہا نے کہا یا رسول اللہ
اُس دن عرب کہاں رہینگے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وے تھوڑے رہینگے اور اکثر
اُنکے بیت المقدس مین رہینگے انکا امام ایک صالح مرد ہوگا سو ایک دن امام صبح کی نماز
کیواسطے آگے بڑھا کہ اسمین عیسی بن مریم اترینگے وہ امام پچھلے پاؤن ہٹتا ہوا آئیگا تا عیسے
امامت کرے عیسی اسکے دونون شانون مین اپنا ہاتھہ رکھکے کہینگے اقامت تمہارے
واسطے کہی گئی تم ہی امام ہو کے نماز پڑہو۔ پھر وہی صالح مرد امام ہوکے نماز پڑہیگا
نماز سے جب فراغت پاوے تو عیسی کہینگے دروازہ کہولو پھر دروازہ کہولے تو اسکے
روبرو دجال رہیگا اسکے ساتھہ ستر ہزار یہود رہینگے انکے پاس تلوارین آراستہ سونے کا
کام کئے ہوئے رہینگی اور انپر سبز طیلسان رہینگے دجال عیسی کو دیکھتے ہی گھلجائیگا جیسا
نمک پانی مین گھلتا ہے پھر وہان سے بھاگیگا عیسی کہینگے میرے پاس تیرے واسطے
ایک مار ہے تو اس سے نہ بچیگا پھر اسکا پیچھا کرکے لُد کے دروازے کے پاس
جو شرقی جہت مین ہے قتل کرینگے اللہ تعالی اسکے ساتھہ یہودیون کو شکست دیگا اللہ تعالے
جس چیز کو پیدا کیا ہے اسکے پاس یہود جاکے پوشیدہ ہونا چاہینگے پتھر ہو یا درخت جانور
یا دیوار اللہ تعالی اس مخلوق کو زبان دیگا وہ پکار اٹھیگا ای اللہ کے مسلمان بندے
یہہ یہود وی ہے تو آکے اسکو قتل کر مگر غرقد نہ بولیگا کیا واسطے وہ یہود کا جہاڑ ہے
الحدیث ابن ماجہ نے اس حدیث کی آخر مین لکھا ہے سمعت ابا الحسن الطنافسی
یقول سمعت عبدالرحمن المحاربی یقول ینبغی ان یدفع ھذا الحدیث الی المؤدب
حتی یعلمہ الصبیان فی الکتّاب یعنی مین نے ابو الحسن طنافسی کو سنا وہ کہا مین نے
عبدالرحمن المحاربی کو سنا کہتا تھا سزاوار ہے کہ اس حدیث کو مودب کو دینا تا کہ مکتبخانہ
مین بچون کو سکھلادے اور ابو داود نے اپنی سنن کے باب ذکر خروج الدجال

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیس بینی
وبینہ یعنی عیسی علیہ السلام نبی وانہ نازل فاذا رایتموہ فاعرفوہ رجل مربوع الی
الحمرۃ والبیاض بین ممصرتین کان راسہ یقطر وان لم یصبہ بلل فیقاتل الناس علی
الاسلام فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویہلک اللہ فی زمانہ الملل کلہا الا
الاسلام ویہلک المسیح الدجال فیمکث فی الارض اربعین سنۃ ثم یتوفی فیصلی علیہ
المسلمون یعنے میرے اور عیسی کے درمیان کوئی نبی نہیں اور مقرر انہوں اترینگے تم انہوکو
دیکھے تو پہچانو کہ انہون میانہ قد ہین سرخ وسفید انپر ممصر دو کپڑے رہینگے یعنی تھوڑی
زردی ملی ہوئی گویا انکے سر کے بالون سے پانی ٹپکتا ہے اگرچہ پانی کی تراوت نہ پہنچے
اور لڑائی کرینگے لوگون سے اسلام لانے پر پھر صلیب کو توڑینگے اور خنزیر کو مارڈالینگے
اور جزیہ کو اٹھادینگے اور انکے زمانے مین سوائے اسلام کے دوسرے سب ملتون کو اللہ تعالے
نابود کریگا اور مسیح دجال کو ہلاک کریگا پھر عیسی چالیس برس زمین پر ٹھہرے رہینگے
بعد مرینگے پھر مسلمان انپر نماز پڑھینگے۔ امام احمد نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الانبیاء اخوۃ العلات امہاتہم شتی
ودینہم واحد وانی اولی الناس بعیسی بن مریم لانہ لم یکن نبی بینی وبینہ وانہ نازل
فاذا رایتموہ فاعرفوہ رجل مربوع الی الحمرۃ والبیاض علیہ ثوبان ممصران کان راسہ
یقطر وان لم یصبہ بلل فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویدعو الناس
الی الاسلام ویہلک اللہ فی زمانہ الملل کلہا الا الاسلام ویہلک اللہ فی زمانہ المسیح الدجال
ثم تقع الامانۃ علی الارض حتی ترتع الاسود مع الابل والنمار مع البقر والذئاب مع الغنم
ویلعب الصبیان بالحیات لا تضرہم فیمکث اربعین ثم یتوفی ویصلی علیہ المسلمون
یعنے انبیا سوتیلے بھائی ہین انکے مائین علاحدہ ہین اور دین انکا ایک ہی ہے اور لوگون
مین عیسی بن مریم کے ساتھ اولی ہون یعنے احق اور نزدیکتر ہون کیا واسطے میرے اور

ان کے درمیان کوئی نبی نہین ہے اور مقرر اہون اترینگے تم انہون کو دیکھو تو پہچان لو کہ انہون
میانہ قد ہین سرخ و سفید ان پر ممصر دو کپڑے رہینگے گویا ان کے سر کے بالون سے
پانی ٹپکتا ہے اگرچہ پانی کی ترادت نہ پہنچی پھر صلیب کو توڑینگے اور خنزیر کو مار ہی ڈالینگے
اور جزیہ کو اٹھا دینگے اور لوگون کو اسلام کیطرف بلاوینگے انکے زمانے مین سوائے اسلام کے
دوسرے سب ملتون کو اللہ تعالی نابود کریگا اور اللہ تعالی مسیح الدجال کو انکے زمانے مین
ہلاک کریگا پھر زمین پر امن ہو جائیگا باگ اونٹ کے ساتھ اور چیتا گائی کے ساتھ اور بھیڑیا
بکری کے ساتھ ملکے چرینگے اور آدمی کے بچے سانپون کے ساتھ ملکے کھیلینگے تو سانپ انکو
ایذا نہ دینگے سو عیسی چالیس برس ٹھہرے رہینگے بعد مرینگے مسلمان انپر نماز پڑھینگے
اس حدیث کو حاکم نے بھی مستدرک مین روایت کی اسکا لفظ یہہ ہے ان روح اللہ عیسے
نازل فیکم فاذا رایتموہ فاعرفوہ الحدیث ۔ امام احمد اور ابن ابی شیبہ
اور سعید بن منصور اور بیہقی نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لقیت لیلۃ اسری بی ابرھیم وموسی وعیسی علیہم السلام
فتذاکروا امر الساعۃ فردوا امرھم الی ابرھیم فقال لا علم لی بہا فردوا امرھم الی موسی
فقال لا علم لی بہا فردوا امرھم الی عیسی فقال اما وجبتہا فلا یعلم بہا احد الا اللہ
وفیما عھد الی ربی عزوجل ان الدجال خارج ومعی قضیبان فاذا رانی ذاب
کما یذوب الرصاص فیھلکہ اللہ اذا رانی حتی ان الحجر والشجر یقول یا مسلم ان تحتی
کافرا فتعال فاقتلہ فیھلکھم اللہ الحدیث یعنے ملاقات کیا مین نے شب معراج
مین ابراہیم اور موسی اور عیسی علیہم السلام سے پھر قیام قیامت کا مذاکرہ کئے کہ کب ہوگی
سب اس سوال کو ابراہیم پر پیش کئے تو ابراہیم کہے مجکو اسکا علم نہین پھر موسی پر پیش کئے تو
موسی کہے مجکو اسکا علم نہین پھر عیسی پر پیش کئے تو کہے کہ قیامت کا عین وقت وقوع سوائے
اللہ کے کوئی نہین جانتا لیکن میرا رب عزوجل مجھہ سے عہد کیا ہے کہ دجال نکلنے والا ہے۔

اور میرے ہاتھ میں دو چھری رہینگی پس جب دجال مجھکو دیکھیگا تو پگھلیگا جیسا سیسا پگھلتا
ہے پھر اللہ تعالی دجال کو ہلاک کریگا جب مجھکو دیکھیگا یہانتک کہ پتھر اور جھاڑ کہینگے ای
مسلمان مقرر میرے نیچے کافر ہے تو آکے اسکو قتل کر پھر اللہ تعالی ان سب کو ہلاک کریگا
الحدیث اس حدیث کو ابن ماجہ نے اپنی سنن میں بھی روایت کی ہے اسمین ہے فذکر
خروج الدجال قال فانزل فاقتله یعنے عیسی علیہ السلام نے دجال نکلنے کو ذکر کرکے
فرمایا کہ آپ اترکے اسکو قتل کرونگا اور اس حدیث کو حاکم بھی اپنی مستدرک میں روایت
کی ہے اسمین ہے فذکر من خروج الدجال فاهبط فاقتله یعنی عیسے علیہ السلام نے دجال
کے نکلنے کو ذکر کرکے فرمایا کہ میں اترکے اسکو قتل کرونگا حاکم کہا اسکی اسناد صحیح ہے
اس حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ دجال کو قتل کرنے وہی عیسی علیہ السلام آئینگے
جن پر انجیل نازل ہوی اور اب آسمان پر موجود ہیں ۔

اور سعید بن منصور اور نسائی اور ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے
روایت کی لما اراد الله ان یرفع عیسی الی السما خرج الی اصحابه وفی البیت اثنا عشر
رجلا من الحواریین فخرج علیهم من عین فی البیت وراسه یقطر ماء فقال ان منکم
من یکفر بی اثنی عشر مرة بعد ان امن بی ثم قال ایکم یلقی علیه شبهی فیقتل مکانی فیکون معی
فی درجتی فقام شاب من احدثهم سنا فقال له اجلس ثم اعاد علیهم ثم قام الشاب فقال
انا فقال اجلس ثم اعاد علیهم فقام الشاب فقال انا فقال انت ذاك فالقی علیه شبه عیسی و
رفع عیسی من روزنة فی البیت الی السماء الحدیث یعنی اللہ تعالی جب عیسی علیہ السلام
کو آسمان پر اٹھالیجانیکا ارادہ کیا تو عیسی نے اپنے اصحاب کے پاس آیا اور اس گھر میں عیسی کے
بارہ حواری تھے اس گھر میں ایک چشمہ تھا عیسی اس میں سے نکل آئے انکے سر کے بالوں سے
پانی کے قطرے ٹپکتے تھے سو عیسی علیہ السلام نے انکو فرمایا تمہارے میں کا ایک شخص میرے پر ایمان
لایا سو بارہ دفعہ میرے سے کفر کریگا بعد فرمایا تمہارے میں کون شخص چاہتا ہے کہ میری شبیہ

اور میرے عوض مارا جاوے اور میرے ساتھ میرے درجہ مین رہے انمین سے
ایک کم عمر جوان تھا کھڑا رہا اور بولا مین ہوتا ہون عیسیٰ نے اسکو کہا بیٹھ اور اس کو دوبارہ فرمایا
وہی جوان اٹھ کے کہا مین حاضر ہون عیسیٰ نے اسکو فرمایا بیٹھ اور پھر اس کلام کا اعادہ کیا
پھر وہی جوان کھڑے ہوکے کہا مین ہون عیسیٰ نے فرمایا وہ تو ہی ہے پھر وہ شخص عیسیٰ کا
ہمشکل بنگیا عیسیٰ علیہ السلام گھر کے ایک جھروکے مین سے نکل کے آسمان پر چلے گئے الحدیث
**اور نسائی** نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ان رھطا من الیہود سبوہ وامہ
فدعا علیہم فمسخہم اللہ قردۃ وخنازیر فاجتمعت الیہود علی قتلہ فاخبرہ اللہ تعالی بانہ
یرفعہ الی السماء ویطہرہ من صحبۃ الیہود فقال لاصحابہ ایکم یرضی ان یلقی اللہ شبہی فیقتل
ویصلب ویدخل الجنۃ فقال رجل منہم انا فالقی اللہ علیہ شبہہ فقتل وصلب الحدیث
یعنی ایک جماعت یہود کی عیسیٰ علیہ السلام اور انکی مان کو گالیان دی تب عیسیٰ علیہ السلام
انپر بددعا کی سو اللہ تعالی اس جماعت کو مسخ کرکے بندر اور خنازیر بنا دیا پھر یہود عیسیٰ علیہ السلام
کے قتل پر جمع پڑے سو اللہ تعالی عیسیٰ علیہ السلام کو خبر دیا کہ انکو آسمان پر لیجاتا ہون اور یہود
کی صحبت سے پاک کرتا ہون پھر عیسیٰ علیہ السلام اپنے اصحاب کو کہے تمہارے مین کون شخص
راضی ہوتا ہے کہ اللہ تعالی اسکو میرا شبیہ کرے سو قتل کیا جاوے اور سولی دیا جاوے اور
جنت مین داخل ہووے پھر انمین سے ایک شخص کہا مین راضی ہون تب اللہ تعالی اسکو عیسیٰ کا
شبیہ کیا پھر وہ قتل کیے گیا اور سولی دیے گیا الحدیث ۔
**ابن ابی حاتم** نے حسن سے روایت کی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للیہود ان عیسیٰ
لم یمت وانہ راجع الیکم قبل یوم القیمۃ یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
یہود کو فرمایا مقرر عیسیٰ نہین مرا اور انہون روز قیامت کے آگے تمہاری طرف لوٹنے والے ہین ۔
**ابن جریر** اور ابن ابی حاتم نے ربیع سے روایت کی قال ان النصاری اتوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم
فخاصموہ فی عیسی بن مریم وقالوا لہ من ابوہ وقالوا علی اللہ الکذب والبہتان فقال لہم

النبی صلی اللہ علیہ وسلم الستم تعلمون انہ لا یکون ولدا الا وھو یشبہ اباہ قالوا بلی قال الستم
تعلمون ان ربنا حی لا یموت وان عیسیٰ یاتی علیہ الفنا الحدیث یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کے نزدیک نصاریٰ کی ایک جماعت آئی سو عیسیٰ بن مریم میں جھگڑنے لگی اور کہی انکا باپ کون ہے
اور اللہ تعالیٰ پر کذب وبہتان کہنے لگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی لڑکا نہیں
پیدا ہوتا مگر وہ اپنے باپ سے شبیہ رہتا سو تم جانتے ہو یا نہیں کہے ہاں تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ہمارا رب زندہ ہے نہ مریگا اور عیسیٰ پر فنا آویگی سو تم جانتے ہو یا نہیں الحدیث دیکھو
اس حدیث میں عیسیٰ پر موت آویگی کرکے فرمایا اور عیسیٰ فنا ہو گئے کرکے نہیں فرمایا۔
روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کنا فی المسجد نتذاکر فضل الانبیاء علیہم السلام
فذکرنا نوحا علیہ السلام بطول عبادتہ وابراہیم علیہ السلام بخلتہ وموسیٰ علیہ السلام
بتکلیم اللہ تعالیٰ ایاہ وعیسیٰ علیہ السلام برفعہ الی السماء وقلنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
افضل منھم بعث الی الناس کافۃ وغفر لہ ما تقدم من ذنبہ وما تاخر وھو خاتم الانبیاء
علیہم السلام فدخل علینا فقال فیم انتم فذکرنا لہ آہ یعنی بیشک ہم صحابہ میں انبیا علیہم السلام
کے فضل کو بیان کر رہے تھے سو نوح علیہ السلام کا ذکر کیے انکی طول عبادت سے اور ابراہیم
علیہ السلام کا انکی خلت سے اور موسیٰ علیہ السلام کا اللہ تعالیٰ ان سے بات کرنے میں اور
عیسیٰ علیہ السلام کا اللہ تعالیٰ ان کو آسمان پر لیجانے میں اور ہم کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سب انبیا سے افضل ہیں کہ آپ کافۃ ناس یعنی سب لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے ہیں اور
آپ کے اگلے پچھلے گناہ مغفرت کیے گئے اور آپ خاتم الانبیا ہیں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ہمارے نزدیک تشریف لائے سو فرمایا تم کیا ذکر کرتے تھے سو ہم عرض کیے الحدیث۔
بزار اور طبرانی نے سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا ینزل عیسیٰ بن مریم مصدقا بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم وعلی ملتہ فیقتل الدجال ثم
انما ھو قیام الساعۃ یعنی اترینگے عیسیٰ بن مریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرتے ہوئے

اور انہین کی ملت پر پھر قتل کرینگے دجال کو اسکے بعد کچھ نہین رہیگا کہ قیامت قایم ہوگی۔
اور طبرانی معجم کبیر مین اور بیہقی شعب الایمان مین عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے
روایت کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یلبث الدجال فیکم ما شاء اللہ ثم
ینزل عیسی بن مریم مصدقا بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم وعلی ملتہ اماما مهدیا وحکما
عدلا فیقتل الدجال یعنے تمھارے بیچ دجال جبتک خدا چاہے ٹھہرا رہیگا اسکے بعد عیسی بن
مریم اترینگے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرتے ہوے اور انہین کی ملت پر امام ہدایت
پایا ہوا اور حاکم عادل۔ پھر دجال کو قتل کرینگے۔ حافظ السیوطی نے کہا کہ اسکی سند جید ہو
اور ابن عساکر نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
الا ان ابن مریم لیس بینی وبینہ نبی ولا رسول الا انہ خلیفتی فی امتی من بعدی
یعنے سنیو مقرر ابن مریم کے اور میرے درمیان نہ کوئی نبی اور نہ کوئی رسول ہے سنیو
میرے بعد میری امت پر مقرر وہ میرا خلیفہ ہے۔ اور ابن عساکر نے ابی ہریرہ رضی اللہ
عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیھبطن اللہ عیسی بن مریم حکما
عدلا واماما مقسطا فلیسلکن فج الروحاء حاجا او معتمرا ولیقفن علی قبری
لیسلمن علی ولارد ن علیہ یعنے البتہ اتاریگا اللہ تعالی عیسی بن مریم کو حاکم عادل اور امام
منصف کرکے پھر حج یا عمرہ کرتے ہوے روحاء کی راہ مین چلینگے اور البتہ میری قبر کے
پاس کھڑے رہکر مجھکو سلام کرینگے اور البتہ مین انکے سلام کا جواب دونگا۔ اور ابوداود
طیالسی نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
یمکث عیسی علیہ الصلوۃ والسلام فی الارض بعد ما ینزل اربعین سنۃ ثم یموت
ویصلی علیہ المسلمون ویدفنونہ یعنے عیسی علیہ الصلوۃ والسلام اترے بعد زمین پر
چالیس سال رہینگے اسکے بعد مرینگے اور مسلمان انپر نماز پڑھینگے اور دفن کرینگے۔
حکیم ابو عبد اللہ الترمذی نے نوادر الاصول مین عبد الرحمن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا والذی بعثنی بالحق لیجدن ابن مریم فی امتی
خلفا من حواریہ یعنے قسم ہے اسکی جسنے مجکو حق کے ساتھہ بھیجا ہے البتہ ابن مریم میری امت میں
اپنے حواری کا بدل پاویگا یعنے عیسی علیہ السلام کو آسمان پر جانیکے قبل حواریان تھی سو انکے عوض
میری امت کے چند لوگ جو حواری کے مثل ہونگے عیسی علیہ السلام کے نزدیک رہینگے اور روایت
کی ہے ابو یعلی نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیدرکن
رجال من امتی عیسی بن مریم علیہ الصلوۃ والسلام ولیشہدن قتال الدجال
یعنے البتہ پاوینگے میری امت سے چند لوگ عیسی بن مریم علیہ الصلوۃ والسلام کو اور البتہ
حاضر ہونگے دجال کے قتال میں۔

حاکم نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من ادرک
منکم عیسی بن مریم فلیقرئہ منی السلام یعنے جو شخص تمہارے سے عیسی بن مریم کو پاویگا
تو چاہیے اسکو میرا سلام کہے۔ حاکم نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے۔ یاد رکھیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
اپنی امت کو عیسی علیہ السلام کو سلام پہونچانیکے باب مین وصیت فرمائی ہے پھر جو شخص عیسی علیہ السلام کو
پاویگا تو اسکو ضرور ہے کہ سلام پہونچاوے اور یہہ خیال رکھنا کہ کوئی زندیق آپ عیسی بن مریم
ہونے کیے دعوی کیا تو اسکو سلام نہین پہونچانا بلکہ وہ عیسی علیہ السلام جو آسمان سے تشریف
لاوینگے انکو پہونچانا ہے۔

ابن ابی شیبہ اور امام احمد نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ ایکبار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
میرے پاس تشریف لائے اور مین روتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسلیے روتی
مین کہی یارسول اللہ آپنے دجال کا ذکر کیا اسلیے مین روئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
ان یخرج الدجال وانا حی کفیتموہ وان یخرج بعدی فان ربکم لیس باعور وانہ یخرج
فی یہودیۃ اصبہان حتی یاتی المدینۃ فینزل ناحیتہا ولہا یومئذ سبعۃ ابواب علی کل
نقب منہا ملکان فیخرج الیہ شرار اہلہا حتی یاتی الشام مدینۃ بفلسطین بباب

فینزل عیسی فیقتله ویمکث عیسی فی الارض اربعین سنۃ اماما عدلا وحکما مقسطا
یعنی اگر دجال نکلا اور مین زندہ رہون تو تمکو بس ہون اگر میرے بعد نکلا تو تم پہچانو کہ مقرر
تمہارا پروردگار کانا نہین بیشک دجال اصبہان کے یہودیہ سے نکلیگا یہان تک کہ
مدینے کو آکے اسکے ایکجانب مین اتریگا اسوقت مدینے کو سات دروازے رہینگے
اسکے ہر راستے پر دو فرشتے رہینگے مدینہ مین بد لوگ جو ہین سب نکلکے دجال کے پاس
جاوینگے بعد دجال فلسطین کے علاقہ مین شام کا شہر جو ہے وہان جاکے لُد کے دروازہ پاس
اتریگا پھر عیسی بن مریم اتر کے اسکو قتل کرینگے اور عیسیٰ زمین پر چالیس برس تک امام دل
اور حکم بقسط ہو رہینگے۔
ابن عساکر نے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے ایک طویل حدیث روایت کی
اسمین مذکور ہے بینما ہم کذلك اذ سمعوا صوتا من السماء ان ابشروا فقد اتاکم الغوث
فیقولون نزل عیسی بن مریم فیستبشرون ویستبشرھم ویقولون صل یا روح اللہ
فیقول ان اللہ اکرم ھذہ الامۃ فلا ینبغی لاحد ان یؤمهم الامنهم فیصلی امیر المومنین
بالناس ویصلی عیسی خلفه الحدیث یعنی لوگ اسی حالت مین یعنی سختی و مشقت مین رہینگے
دفعۃً آسمان سے آواز سنینگے کہ ای لوگو خوش ہو جیو تمہارا فریادرس آیا سو لوگ ایک دوسرے
کہینگے عیسی بن مریم اترے ہین پھر لوگ خوش ہونگے اور عیسی علیہ السلام بھی لوگ سے خوش
ہونگے اور لوگ عیسی علیہ السلام کو کہینگے یا روح اللہ نماز پڑھیئے تو عیسی علیہ السلام فرماینگے
مقرر اللہ تعالی نے اس امت کو بزرگی دی ہے سوا انکے سوای دوسرے کسی کو انکی
امامت کرنا سزاوار نہین پھر مومنون کا امیر لوگ کے ساتھہ نماز پڑھیگا اور عیسی علیہ السلام
اسکے پیچھے نماز پڑھینگے الحدیث۔
ابن ابی شیبہ نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کی قال ینزل المسیح بن مریم
فاذا راہ الدجال ذاب کما یذوب الشحمۃ فیقتل الدجال و یفرق عنه الیھود فیقتلون

حتیٰ ان الحجر یقول یا عبد اللہ للمسلم ھذا یہودی فتعال فاقتلہ یعنے مسیح بن مریم اترینگے
